سوال

(182) شیعہ کے عقائد

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آج کل جو مسئلہ چلا ہوا ہے شیعہ کافر ہیں یا مسلمان ؟ اہل حدیث کا کیا نظریہ ہے ؟ اگر کافر ہیں تو آپ سے گزارش ہے کہ ان کے عقائد قرآن وحدیث سے بیان فرمائیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

دراصل شیعہ کے کئی گروہ ہیں۔ ان کے مختلف عقائد کے اعتبار سے حکم لگانا چاہیے یاد رہے کہ غالی شیعہ تو قطعا کافر ہیں۔ جو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ وغیرہم کو مرتد سمجھتے ہیں اور ''فرقہ زیدیہ'' کافر نہیں جن کا اعتقاد ہے کہ ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی امامت خطا نہیں ہے لیکن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ افضل ہیں۔ اور عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں ساکت ہیں۔ آج کے دور میں شمالی یمن میں ان لوگوں کی اکثریت ہے۔جملہ تفاصیل کے لئے ملاحظہ ہو: (کتاب الفصل بین الملل والنحل للامام ابن حزم وغیرہ وغیرہ۔ اس بارے میں علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید رحمۃ اللہ علیہ کی کتب خصوصا "الشیعة والسنة'' کا مطالعہ بے حد مفید اور ضروری ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ (حافظ ثناء اللہ مدنی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص492

محدث فتویٰ